Vol. II
No. 13

Saturday
4th September, 1954



HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY DEBATES

Official Report

PART II—PROCEEDINGS OTHER THAN QUESTIONS AND ANSWERS

CONTENTS

	PAGES
L. A. Bill No. XVIII of 1954, the Hyderabad Abolition of Inams Bill, 1954—Passed	599–614
L. A. Bill No. XX of 1954, the Hyderabad Prisoners Bill, 1954—Passed	615–623
Business of the House	624
L. A. Bill No XIX of 1954, the Hyderabad Prisons Bill, 1954—1st reading not concluded	624–654

Note: - In this Part a star (*) at the commencement of the speech denotes confirmation not received.

GOVERNMENT PRESS
HYDERABAD-DN.
1955

THE HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY

Saturday, the 4th September, 1954.

The House met at Half Past Two of the Clock

[*Mr. Speaker in the Chair.*]

Questions and Answers

(See Part I)

L. A. Bill No. XVIII of 1954, the Hyderabad Abolition of Inams Bill, 1954

New Clause 13.

Mr. Speaker : We shall take up the discussion on the amendment of the Minister for adding a new clause. An amendment to that amendment has been tabled.

Shri L. N. Reddy (Wardhannapet) : Sir, I beg to move :

"That for the portion beginning from 'for obtaining the right of possession' and ending with 'sub-section (2) of section 12' substitute :

"as a price towards the inam land in his possession, such tenant shall be entitled to be registered as an occupant of the said land without being liable to pay any further amount for the said land and no such Inamdar shall be entitled to any further compensation for the said land".

Mr. Speaker : Amendment moved.

شری بی ـ ڈی ـ دیشمکھ (بھوکردن ـ عام) :ـــ مسٹر اسپیکرسر ـ بہتر یہ ھوگا کہ جو ترمیم بعد میں لائی گئی ھے اوس پر ممبر انچارج آف دی بل اپنے خیالات کا اظہار کریں کہ انہوں نے یہ کلاز بل میں کیوں ایڈ(Add)کیا ھے ـ

مسٹر اسپیکر :ـــ ممبر انچارج آف دی بل اپنے امنڈمنٹ کا منشاء واضح کریں ـ

منسٹر فار اکسائز ، فاریسٹس اینڈ ریوینیو(شری کے ـ وی ـ رنگا ریڈی) :ـــ مسٹر اسپیکرسر ـ یہ نیا کلاز اسلئے پیش کیا گیا ھے کہ ھم نے قولدار قابضین کے چار اقسام بتائے ھیں ـ قابض قدیم ـ پرمیننٹ ٹیننٹ پروٹکٹیڈ ٹیننٹ ـ نان پروٹکٹیڈ ٹیننٹ ـ قابض

هو تو اوس سے پریمیم (Premium) نہیں لیا جائیگا باقی تینوں سے پریمیم لیا جائیگا - اسبارے میں مختلف آنریبل ممبرس کے مباحث کے بعد میں نے اس پر غور کیا تو مجھے ضروری معلوم ہوا کہ اگر کوئی قولدار انعامدار کو پہلے سے معاوضہ دیکر قبضہ حاصل کیا ہے تو کم از کم اوس نے انعامدار کو جو معاوضہ پہلے ادا کیا ہے اوس حد تک انعامدار کو محروم کر کے قولدار کو مجرا دینا چاہئیے - اسلئے انعامدار کو جس قدر معاوضہ مل سکتا ہے اوس کے پریمیم میں سے اوس حد تک مجرا کیا جانا چاہئے جو اوس نے پہلے حاصل کیا ہے - اگر ایسا نہ کیا جائے تو قولدار کے لئے نقصان کا موجب ہوگا - اسلئے مقررہ معاوضہ لیکر انعامدار کو دینے کے لئے جو اس میں گنجائش رکھی گئی تھی اوس کو زائل کرنے کے لئے میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے - یہ ترمیم جدید دفعہ کے طور پر اس میں رکھی گئی ہے - اگر آنریبل ممبرس کو اس سے اختلاف ہوتو میں اس کا جواب دونگا - لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ غریب قولداروں کے لئے زیادہ فائدہ مند ہوگا کیونکہ انعامدار ایک دفعہ جو معاوضہ لے چکا ہے اوسکو دو بارہ نہیں ملنا چاہئے - متعدد دفعات کے ضمن میں خود آپ نے اس کا مطالبہ کیا تھا کہ دو بارہ معاوضہ ادا کرنا مناسب نہیں ہے - چنانچہ اس پر آپ نے ترمیمات بھی پیش کئے تھے - آنریبل ممبرس کے منشاء کو پورا کرنے کے لئے میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے جسکی وجہ سے انعامدار اور قولدار دونوں کے حق میں یکساں انصاف ہوگا -

شری کے - وینکٹ رام راؤ (چناکونڈور) :- ساڑھے چار فیملی ہولڈنگ رکھنے والے انعامداروں سے متعلق ہے یا ساڑھے چار فیملی ہولڈنگ سے زیادہ رکھنے والے انعامداروں سے متعلق ہے ؟

شری کے - وی - رنگا ریڈی :- قولداروں کے فائدہ کے لئے یہ ترمیم لائی گئی ہے - انعامدار چونکہ پہلے معاوضہ لیا ہوا ہوتا ہے اسلئے اسکو محروم کرنے کے لئے اور قولدار کو فائدہ پہنچانے کے لئے یہ ترمیم لائی گئی ہے -

* شری ایل - این - ریڈی :- ہماری جانب سے جو امنڈمنٹ پیش کیا گیا ہے اوس میں اور اس میں یہ فرق ہے کہ ہمارے مسلسل اصرار کی بناء پر ممبر انچارج آف دی بل نے یہ امنڈمنٹ پیش کیا ہے - اسکے نہ ہونے سے قولداروں کا نقصان ہو رہا تھا - اوسکی تلافی کے لئے اور ہماری خواهش کی تکمیل کے لئے کہا جاتا ہے کہ یہ امنڈمنٹ لائی گئی ہے لیکن ہماری خواهش اتنی ہی نہیں تھی - ہم یہ چاہرہے تھے کہ جو معاملات انعامدار نے قولدار سے کئے ہیں اوسکے لحاظ سے کامل طور پر مجرا کیا جائے - اگر ایسا نہیں کرینگے تو کیا نتیجہ ہوگا - اس چیز کو ہاؤز کے سامنے لاؤنگا تاکہ منسٹر صاحب نے جسطرح ہماری ترمیمات کے بعد سوچکر یہ دوسری ترمیم لائی ہے اسی طرح ہمارے اس اعتراض کے بعد اس میں ترمیم کرنے پر غور کریں - اور یہ خیال کریں کہ واقعی یہ نہایت واجبی بات ہے - نہ صرف یہ بلکہ گورنمنٹ کے لئے بھی یہ ترمیم فائدہ مند ہوگی اسلئے کہ گورنمنٹ کی ٹریژری پر بار عائد کرنے کی جو کوشش کی جائیگی

اوس کا بھی سدباب ہوگا ۔ اس واسطے میں یہ چیز ھاؤز کے سامنے لا رہا ہوں ۔ اس سلسلہ میں کل منسٹر صاحب سمستان ونپرتی کے متعلق جواب دیتے ہوئے فرما رہے تھے کہ پولیس ایکشن کے بعد سیریات سے متعلق جو رقم خزانہ سرکاری میں جمع کی گئی ہے وہ واپس نہیں دیجائیگی ۔ بلکہ بحق سرکار ضبط متصور ہو گی ۔ سو فیصد ضبط ہو گی یہ تو انہوں نے نہیں کہا لیکن اون کا مفہوم یہی تھا ۔ مگر ونپرتی کے راجہ صاحب نے زمینات فروخت کرلئے ہیں اور کاغذات جمعبندی میں پٹے کے حقوق دئے ہیں ۔ آج وہ تمام حقوق خود بہ خود رعایا کے حق میں منتقل ہو گئے اور وہ رعایا سرکارعالی میں زرمالگزاری جمع کرچکی ہے ۔ وہ رقم واپس نہیں کرینگے ۔ ممکن ہے اس اصول پر ہمارے منسٹر صاحب نے کل جواب دیا ہو ۔ میں بھی اون ہی اصولوں کو لیکر آگے بڑھ رہا ہوں ۔ جو لوگ اب تک اپنے حقوق خرید و فروخت کے ذریعہ یا معاہدہ بیع کے ذریعہ منتقل کئے ہیں اون سے بھی وہی اصول متعلق کیا جائے ۔ کل سوالات کے ضمن میں منسٹر صاحب نے فرمایا تھا ۔ آج بہت سے لوگ ایسے ہیں جنہوں نے اپنی اراضیات فروخت کرلی ہیں ۔ اور آج اس قانون کے لحاظ سے اون کے حقوق کسی اور طریقہ سے تعین کئے گئے ہیں ۔ اوس زمانہ میں جو زمینات خریدی گئیں تو اوس وقت اون کی قیمت کا تعین نہیں تھا ۔ لیکن آج اس قانون کے لحاظ سے کچھ طریقے معین کئے جا رہے ہیں ۔ اس کی رو سے پرمیننٹ ٹیننٹ ہونے کی صورت میں لینڈریوینیو کا (۲۰) گونا ۔ پروٹیکٹیڈ ٹیننٹ ہونے کی صورت میں (۴۰) گونا اور نان پروٹکٹیڈ ٹیننٹ ہونے کی صورت میں (۶۰) گونا ہوگا ۔ میں اس سلسلہ میں یہ عرض کرنا چاھتا ہوں کہ اوس زمانہ میں اوس نے زمین خریدی تھی تو قیمت کا تعین حکومت کی طرف سے نہیں تھا ۔ اس لئے جو زمین لینا چاھئے تھا وہ لے لیا اور باقی چھوڑ دیا ۔ لیکن آپ پھر اس سے اضافہ طلب کر رہے ہیں ۔ جو اوس پر بار کا موجب ہوگا ۔ اس کے علاوہ اس کی وجہ سے قولدار اور انعامدار دونوں کے سازش کرنے کا امکان ہے اور سرکاری نقصان کا بھی احتمال ہے ۔ میں مثال کے طور پر اس کو واضح کرنا چاھتا ہوں ۔ فرض کیجئے کہ ایک ٹیننٹ نے انعامدار سے زمین خریدی ۔ ایسا ٹیننٹ یا تو پرمیننٹ ٹیننٹ ہوسکتا ہے یا پروٹکٹیڈ ٹیننٹ ہو سکتا ہے یا نان پروٹکٹیڈ ٹیننٹ ہو سکتا ہے ۔ ایک انعامدار نے (۱۲۵) روپیہ زر مالگزاری کی اراضی کو ایک شخص کے ھاتھ اس قانون کے نفاذ سے پہلے فروخت کیا ۔ اگر اوس ٹیننٹ نے ۱۰ ۔ جون سنہ ۵۰ع سے پہلے زمین خریدی ہے تو وہ پرمیننٹ ٹیننٹ ہو جاتا ہے ۔ اور دوامی قول کی لکھا پڑھائی ہو سکتی ہے اور ہمارے قانون کے لحاظ سے وہ پرمیننٹ ٹیننٹ ہو جاتا ہے ۔ اس کا لحاظ کرتے ہوئے اس کی کیا قیمت ہو سکے گی میں عرض کروں گا ۔ (۱۲۵) روپیہ زر مالگزاری کی اراضی اوس نے دو ہزار روپیہ میں خریدی ہے ۔ اور آج (۲۰) گونا زر مالگزاری اوس کو ادا کرنا ہوگا جس کی قیمت پانچ ہزار روپیہ ہو سکتی ہے ۔ اس لئے سابق قیمت کے مقابلہ میں پرمیننٹ ٹیننٹ کو تین ہزار روپیہ زائد ادا کرنے پڑتے ہیں ۔ اس کے علاوہ گورنمنٹ اوس سے پانچ ہزار روپیہ وصول کرکے تین ہزار روپیہ انعامدار کو دے گی اور دو ہزار خود

لیگی - اب اس ترمیم کے لحاظ سے اوس سے جو تین ہزار روپیہ لئے گئے ہیں اوس میں سے دو ہزار روپیہ مجرا کئے جائیں گے - اور ایک ہزار کا بار اوس پر عائد ہوگا - اس میں شک نہیں کہ به مقابلہ سابق کے اس امنڈمنٹ کی وجہ سے اوس کی حالت بہتر ہو جاتی ہے - کیوں کہ پانچ ہزار روپیہ میں سے تین ہزار روپیہ انعامدار کو دیں گے - لیکن ٹیننٹ نے سابق میں دو ہزار روپیہ ادا کیا ہے اس لئے وہ دو ہزار اون تین ہزار میں سے مجرا ہوں گے - اور ایک ہزار روپیہ انعامدار کو ملیں گے - اس لئے اب انعامدار پرمیننٹ ٹیننٹ سے سازش کریگا - وہ ٹیننٹ سے کہے گا کہ آپ مجھے دو ہزار روپیہ دے چکے ہیں اور مزید اب ایک ہزار روپیہ آپ کو دینا پڑیگا - اس لئے وہ ایک ہزار روپیہ مجھے دیدیجئے میں آپ کو بارہ سال کے رسائد اجرا کردوں گا آپ قابض قدیم کی تعریف میں آجائیں گے اور مجھے زائد رقم ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی - کیوں کہ قابض قدیم کے نام پر بلا معاوضہ پٹہ کیا جا سکتا ہے - اس لئے ٹیننٹ بجائے تین ہزار روپیہ دینے کے ایک ہزار روپیہ اوس کو آفر (Offer) کرکے بارہ سال کے رسائد لے لیگا - ممکن ہے وزیر مال یہ فرمائیں کہ ہم اون کاغذات کی بھی جانچ کریں گے - لیکن ایسے کاغذات جمعبندی کے لئیے آپ کے پاس نہیں آئینگے - اور اوس کو آپ چک نہیں کرسکیں گے - اس لئیے یہ سازش کامیاب ہوگی - اب اس کے بعد سرکار کو کیا ملیگا - انعامدار اس کے بعد یہ کہے گا کہ چونکہ گورنمنٹ نے میری اراضی قابض قدیم کے حق میں ٹپہ کی ہے اس لئے مجھے اوس زمین کا معاوضہ دلایا جائے - اوس وقت قابض قدیم کو کیا معاوضہ ملے گا - زر مالگزاری کا ساڑھے سترہ گونا تسلیم کیا جاچکا ہے اوس میں سے جڑی جو عام طور پر لینڈ ریوینیو کا (۱/۸) ہوتی ہے منہا کی جائیگی - اور وہ منہا کرنے کے بعد وہ رقم اوس کو ملیگی - گویا اوس کو (۲۱۳۳-۸-۰) روپیہ خزانہ سے دینا پڑیگا - یہاں پریمیم وغیرہ کا سوال نہیں آسکتا - یعنی (۶۰) فیصد اوس کو دینا اور (۴۰) فیصد اوس کو دینا یہ سوال نہیں ہوتا - پریمیم اون کو دیں گے جو ٹیننٹ سے وصول کرتے ہیں یہاں تو پریمیم کا سوال نہیں آتا - اس واسطے لازماً (۲۱۳۳-۸-۰) دینا پڑیگا - اور پھر ادھر وہ پندرہ سو روپیہ ٹیننٹ سے حاصل کرتا ہے اس طرح گویا اوس کو تین چار ہزار روپیہ کی آمدنی ہوگی - اور پھر اس طرف سرکار کو بھی کوئی فائدہ نہیں ہوگا - کیونکہ ٹیننٹ کو قابض قدیم قرار دینے کی وجہ سے رقم ادا کرنا ہوگا - اور چونکہ جڑی اوسی انعامدار کو آپ ادا نہیں کررہے ہیں ایسی صورت میں (۲۰) سالہ زرمالگزاری کا معاوضہ دیں گے - اس طرح ۲۰ سو روپیہ معاوضہ ہوگا جو خزانہ سے دینا پڑیگا - یہ تو آپ پرمیننٹ ٹیننٹ کو بیچ رہے ہیں - لیکن اس کے علاوہ جو پروٹکٹیڈ ٹیننٹ ہے یعنی جو شخص ۱ - جون سنہ ۵۰ ع کے بعد زمین خریدا ہے اوس کو تو آپ ریکگنائز (Recognise) نہیں کرتے - یہ چیز ترویل میں صاف صاف ہے - ایسی صورت میں جو معاہدہ سنہ ۵۰ ع کے بعد ہوا ہے اوس کے پروٹکٹیڈ ٹیننٹ کے حق میں کیا اثرات ہونے والے ہیں - یہی کہ انعامدار اس قانون سے فائدہ اٹھا سکے گا - ۱۲۰ روپیہ زر مالگزاری کی زمین دو ہزار میں پروٹکٹیڈ ٹیننٹ نے سنہ ۵۱ ع میں خریدلی - ملٹی پل کے لحاظ سے معاوضہ (۷۰۰) روپیہ

هوگا - جس زمانه میں اوس نے یه زمین خریدی اوس وقت قیمت کا تعین نہیں تھا - اور نه کوئی اصول مقرر تھے - لیکن آج آپ اوس سے کیا مطالبه کررہے هیں - (۷۰۰۰) روپیه اس میں انعامدار کا حصه (۴۰۰۰) روپیه اور گورنمنٹ کا شیر (۳۰۰۰) روپیه انعامدار کو اس سے قبل هی دو هزار روپیه پہنچ چکے هیں اور مزید (۲۰) سو روپیه طلب کئے جائینگے - گویا ٹیننٹ کو (۵۰۰۰) روپیه زائد دینا هوگا - اب انعامدار سازش کریگا وه ٹیننٹ سے کہے گا که آپ کو (۵۰۰۰) روپیه دینے پڑینگے - مجھے دو ڈھائی هزار روپیه دیدیجیئے میں آپ کو قابض قدیم بنا دیتا هوں اور رسائد لکھدیتا هوں - چونکه ٹیننٹ کو (۵۰۰۰) روبیه دینا پڑتا هے اور انعامدار صرف دو ڈھائی هزار روپیه طلب کررها هے اس لئے بخوشی ٹیننٹ انعامدار کو وه رقم ادا کردیگا اور باره سال کے رسائد لیگا - جب وه اس طرح قابض قدیم بن جائیگا تو قانون کے لحاظ سے اوس کے نام پٹه کرنا لازمی هوجاتا هے - اوس وقت انعامدار اگر آپ سے کہئیے گا که آپ نے چونکه قابض قدیم کو اراضی دی هے اس لئے یا تو مجھے آپ (۲۱) سو روپیه دیجیے یا ۲۰ سو روپیے جڑی وضع کرکے دیجیئے - نان پروٹکٹیڈ ٹیننٹ کے سلسله میں بھی (۱۲۵) روپیه زرمالگزاری کی زمین کی قیمت (۷۰۰۰) روپیه هوتی هے - میں نے جو تمثیل دی هے وه غلط هے - (۱۲۵) روپیه زر مالگزاری کی اراضی کی قیمت (۷۰۰۰) روپیه جو هوتی هے وه نان پروٹکٹیڈ ٹیننٹ هونے کی صورت میں هوتی هے - اوس کو زائد از پانچ هزار روپیه دینا پڑیگا - میں نے پہلے جو پرمیننٹ ٹیننٹ کو متعلق کرکے تمثیل دی هے وه دراصل پروٹکٹیڈ ٹیننٹ کی تمثیل تھی - غلطی سے میں نے پروٹکٹیڈ ٹیننٹ کو پرمیننٹ ٹیننٹ کہا هے - (۱۲۵) روپیه زر مالگزاری کی اراضی جو دوهزار روپیه میں خریدی گئی پرمیننٹ ٹیننٹ کی صورت میں اوس کا معاوضه (۳۱۲۵) روپیه قرار پاتا هے - اس معاوضه کا مطلب کیا هے - گورنمنٹ اپنا (۴۰) پرسنٹ معاوضه (۱۱۲۵) روپیه لیگی - اور اوس کو ساٹھ پرسنٹ دے گی - اب تک کاشتکار سے اوس نے دوهزار روپیه حاصل کرلیا هے پرمیننٹ ٹیننٹ قرار دینے کی وجه سے (یه هم تسلیم کرتے هیں که وه ۵۰ ع کے پہلے خریدا هے) (۱۸۷۵) روپیه زر معاوضه قرار پاتا هے - ایسی صورت میں پرمیننٹ ٹیننٹ سے سرکار کو رقم وصول طلب نہیں رهتی - اس کے پہلے میں نے جو بحث کی هے وه یه هونی چاهیئے که (۱۲۵) روپیه زر مالگزاری کی قیمت (۳۱۲۵) روپیه قرار پاتی هے - اس میں سے انعامدار کا شیر (۱۸۷۵) روپیه اور گورنمنٹ کا شیر (۱۱۲۵) روپیه هوگا - چونکه وه پرمیننٹ ٹیننٹ قرار دیا گیا هے اور چونکه اوس نے زیاده رقم ادا کی هے اب اس میں سے کوئی رقم انعامدار کو نہیں ملیگی - اس لئے انعامدار قولدار کو ورغلائیگا که چونکه آپ کو (۱۱۲۵) روپیه گورنمنٹ کو دینا پڑیگا اس لئے آپ تھوڑی سی رقم مجھے دے دیں تو میں باره ساله قبضه کے رسائد دیدیتا هوں آپ قابض قدیم بن جائینگے - ادهر وه گورنمنٹ سے ڈیمانڈ کرے گا که میری زمین آپ نے قابض قدیم کے نام پر پٹه کی هے اس لئے مجھے اوس کا معاوضه دیجئیے - اس مطالبه کا پورا کرنا آپ پر لازم هوجائیگا - اس طرح انعامدار اور قولدار کے درمیان سازش هوگی اور ادهر گورنمنٹ ٹریژری پربھی بار هوگا - اس لئے ان چیزوں کا سدباب کرنے کے لئے میں نے یه ترمیم پیش کی هے -

اس لئے میرا جو امنڈمنٹ آپ کے سامنے پیش ہے اس کو مان لیں تو نہ خزانہ پر کوئی بار پڑیگا اور نہ اودھر کاشتکار کو کوئی نقصان ہوگا۔ اس میں ہم یہ قرار دیرہے ہیں کہ اگر خود انعامدار زمین کو فروخت کیا ہے تو کمپنسیشن (Compensation) طلب کرنے کے حق سے محروم ہو گیا اس لئے کہ اس نے اپنے حقوق کو اپنی مرضی سے خریدار کے حق میں منتقل کیا ہے۔ یہ شرط اسی اصول پر ہے جس کا جواب کل منسٹر صاحب نے اسمبلی میں دیا ہے۔ جب وہ اپنے حق سے دست بردار ہو گیا ہے تو اس کو مزید معاوضہ دینا صحیح نہیں ہے۔ اگر ایسا کریں گے تو مجھے ڈر ہے کہ اکثر انعامداروں اور قولداروں کے درمیان اس قسم کے معاہدے ہوں گے کیونکہ ایسی زمینات خریدنے والے اکثر ہوشیار لوگ ہی ہیں اور وہ معاوضہ کے لئے گورنمنٹ کے سامنے آئینگے۔

اور ایک چیز یہ ہے کہ بعض سمستانوں میں مثلا ونپرتی یا گدوال یا کسی اور سمستان میں چونکہ ان کی ہزاروں ایکر کی سیریات ہیں اور وہاں قابض قدیم نکلیں تو آپ خزانہ سے ان کو معاوضہ دیں گے۔ اگر وہ لوگ زمینات خرید کئے ہیں تو وہ رسید حاصل کریں گے اور ان کے لئے بھی معاوضہ دینا پڑیگا۔ اس لئے میں ممبرانچارج آف دی بل سے التجا کرتا ہوں کہ وہ میرے امنڈمنٹ پر ٹھنڈے دل سے غور کریں۔ جیسا کہ کل اورپرسوں ہمارے اعتراضات پرغور کرکے انہوں نے ان کو قبول فرمائے ہیں اسی طرح اس کو بھی قبول فرمائیں، کسی اور وجہ سے نہیں بلکہ اس وجہ سے کہ خزانہ پر بار نہ پڑے۔ یہاں قانون کو ری ٹراسپیکٹیو ایفکٹ (Retrospective effect) دینے سے سازش کرنے کا امکان ہے اگر وہ دس سال سے قابض ہے تو بھی آپ اس کو پرمیننٹ ٹیننٹس کہتے ہیں اور سنہ ۱۹۵۰ ع میں یا اس کے بعد خریدا ہے تو اس کو نان پروٹکٹیڈ ٹیننٹ بنا رہے ہیں۔ اس لحاظ سے اس میں کئی قسم کی پیچیدگیاں پیدا ہوں گی اس لئے ٹریژری بنچس اور خاص طور پر ممبر انچارج آف دی بل اسپرسنجیدگی سے غور کریں۔

* شری ایم۔ رام ریڈی (ونپرتی) اسپیکر سر۔ ابھی جو امنڈمنٹ آنریبل ممبر ایل۔ این ریڈی صاحب نے پیش کیا ہے اس کے متعلق انہوں نے کافی وضاحت سے بحث کی اور فیکٹس اینڈ فیگرس (Facts and figures) کے ساتھ اس کو اکسپلین (Explain) کرنے کی کوشش کی۔ جو نیا کلاز آنریبل موور آف دی بل نے پیش کیا ہے اس کے کیا اسپلیکیشنس (Implications) ہونے والے ہیں اور اس سے خزانہ پر کسقدر بار پڑنے والا ہے یہ بتلایا۔ اس کے ماسوا میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو نیا کلاز ہے جیسا کہ آنریبل موور آف دی بل نے فرمایا بار بار اپوزیشن بنچس کی جانب سے یہ اصرار کیا گیا اور ہر اسپیکر نے اصرار کیا کہ کچھ پراویژن یہاں رکھنا چاہیے تاکہ خریداروں کا پروٹکشن (Protection) ہوسکے۔ اس مقصد سے شاید یہ نیا کلاز لایا ہے جو بہت پروگریسیو (Progressive) ہے۔ لیکن جب ہم اس کلاز کو پڑھتے ہیں تو اس میں جو مقصد ہونا چاہئے تھا وہ اوس سے کوسوں دور ہے۔ اس کلاز کے پڑھانے سے مجھے یہ خیال ہورہا تھا کہ

خریداروں یعنی پروٹکٹیڈ ٹیننٹس اور نان پروٹکٹیڈ ٹیننٹس کا فائدہ ہونے والا ہے لیکن ایک تعجب خیز چیز یہ ہے کہ حق انعام الگ اور حق پٹہ الگ چیز ہے تسلیم ہونے کے باوجود قانون میں پوزیشنس (Possession) بیچ لیا ہے یہ الفاظ لائے گئے ہیں ۔ اس سے یہاں پیچیدگیاں پیدا ہونے کا اندیشہ ہے ۔

اس کے علاوہ ایک چیز یہ کہی گئی ہے کہ گورنمنٹ کی جانب سے جو کمپنسیشن کا تعین کیا گیا ہے وہ اداشدہ رقم سے منہا کریں گے ۔ ہماری گورنمنٹ جسے ہم عوامی گورنمنٹ کہتے ہیں وہ اون راجاؤں سے بھی زیادہ سختی کر رہی ہے جو واقعتاً زمین کے انعامدار ہیں ۔ راجہ رامیشور صاحب نے تین گونا تری اور ۱۰ گونا خشکی کا دھارا لیکر مکمل پٹہ کرنے کے لئے کہا تھا ۔ لیکن آج کی گورنمنٹ نے اس قانون میں جو معاوضہ مقرر کیا ہے وہ اس سے کہیں زیادہ ہے ۔ اب مزید یہ ہورہا ہے کہ آپ راجہ صاحب کو رعایا سے معاوضہ وصول کرکے دیں گے ۔ میرے پاس آج چند گاؤں سے شکایت آئی ہے کہ گدوال میں یہ ہوا ہے کہ دو تین مہینے سے نوٹیسس (Notices) اشیو (Issue) کئے گئے ہیں کیونکہ رقم مالگزاری یا قولی رقم راجہ صاحب کو نہیں دیرہے ہیں ۔ اب وہ رجسٹرڈ ڈیڈ (Registered deed) پیش کرکے تین سالہ رقم وصول کرنے کے لئے تین چار سو دعوے دائر کئے ہیں ۔ انکا کہنا ہے کہ یا تو مجھے ۱۰ گونا قول دیکر پوری طرح پٹہ کرالو یا ۳ سال کا پٹہ دو ۔ اس کے بعد جو قانونی حق مجھے ملے گا میں لوں گا ۔ اس طرح وہاں کی رعایا پریشان ہوکر کچھ نہ کچھ دام طے کرلیے رہی ہے اور کسی نہ کسی طرح سے زمین بچانے کی کوشش کررہی ہے ۔ مثال کے طور پر ایک شخص کی ۵ ایکر تری اور ۲۰ ایکر خشکی تھی ۔ وہ ۲۰ ایکر خشکی بچانے کے لئے ۵ ایکر خشکی چھوڑ دے رہا ہے ۔ بلا معاوضہ کے لئے راجہ صاحب کہہ رہے ہیں اس لئے مجبوراً وہ ایسا کر رہے ہیں ۔ جس قسم کے معاہدے ہوئے ہیں جیسا کہ یل ین ریڈی صاحب نے اپنے امنڈمنٹ میں پیش کیا ہے اگر وہ بیع ہوں تو صحیح تسلیم نہ فرمائیں ورنہ رعایا کو (پروٹکٹیڈ ٹیننٹ اور نان پروٹکٹیڈ ٹیننٹ) کو فائدہ پہنچانے کے بجائے ان کے حق میں مضرت رساں قانون بنانے کے مترادف ہوگا ۔ چھوٹے انعامدار جن کے پاس ساڑھے چار فیملی ہولڈنگ سے کم اراضی ہے ان کو چھوڑ دیا گیا ہے لیکن جیسا کہ میں نے کہا یہ ونپرتی ۔ گدوال ۔ کولاپور ۔ آتما کور وغیرہ کا سوال ہے یہ بہت بڑی سیریات ہیں اور مجھے تو یہ اندیشہ ہوتا ہے کہ (معاف فرمائیں) ہماری حکومت جاگیرداروں سے اور ان انعامداروں سے ساز باز کرلی ہے ورنہ کوئی بات سمجھ میں نہیں آتی کہ کیوں اس قسم کا کلاز لارہے ہیں کیونکہ اس قسم کا کلاز لاکر آپ رعایا کا تو فائدہ نہیں کررہے ہیں ۔ مجھے امید ہے کہ آنریبل منسٹر ترمیم کو قبول فرمائینگے ۔

* شری جی ۔ گوپال راؤ (پاکھال) :— مسٹر اسپیکر سر ۔ جو امنڈمنٹ کلاز ۱۳ کی شکل میں ایوان کے سامنے آیا ہے اس میں دو چیزیں بتلائی گئی ہیں ۔ ایک تو یہ کہ دفعہ

۶ - ۷ اور ۸ کے تحت جو انعامی اراضیات خریدی گئی ہیں انکی. ۶ فیصد سے زیادہ قیمت دی گئی ہے تو معاوضہ دینا نہیں پڑیگا اگر اندرون . ۶ فیصد ہے تو اوس پر معاوضہ دینا پڑیگا۔ اس کے معنے یہ ہوتے ہیں کہ انعامی زمین پر جو کاشتکار ہیں ان میں زیادہ تر لوگوں کو اس قانون کے تحت معاوضہ دینا پڑیگا۔ اگر وہ انعامداروں کے حق میں چلی گئی ہیں تو گورنمنٹ نے اپنا جو . ۴ فیصد کا حصہ رکھا ہے وہ واپس لیگی۔ لیکن . ۶ فیصد سے زیادہ رقم دئے ہیں تو وہ واپس نہیں دلائے گی اگر انعامدار پہلے سے بیچ چکے ہیں اور معاملہ ہوچکا ہے تو درمیان میں ہمارے منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں کہ خبردار آپ نہیں خرید سکتے مجھے معاف فرمائیے اگر میں یہ کہوں کہ آپ بیچ میں دلالی کررہے ہیں۔ گورنمنٹ بیچ میں بیٹھکر . ۴ فیصد کی کمی کرنا چاہتی ہے لیکن اس سے پہلے منسٹر صاحب نے فرمایا ہے کہ حق انعام الگ ہے اور حق پٹہ الگ ہے مگر وہ ان حقوق سے دست بردار ہوچکا ہے تو آپ پھر کونسا معاوضہ دلانا چاہتے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ اپوزیشن کی طرف سے یہ مطالبہ کیا جارہا تھا کہ ایک نیا کلاز لایا جائے۔ نیا کلاز آیا اور اس پر مبارک باد بھی دیجاتی کیونکہ ڈھائی سال سے یہ مطالبہ کیا جارہا تھا کہ گورنمنٹ اچھا قانون بھی بناتی ہے تو اسے مبارک باد نہیں دی جاتی لیکن جب ہم اس کلاز کو دیکھتے ہیں تو وہ ایک فرسودہ کلاز ہے اور اس میں انعامداروں کے مفاد کو مضمر رکھا گیا ہے۔ ابھی جیسا کہ رام ریڈی صاحب نے فرمایا آئندہ الکشنس (Elections) میں جو الکشن اکسپنسس (Election expenses) ہوں گے اس میں اپنا حصہ رکھنے کے لئے زمیندار سے دوستی باقی رکھنے کے لئے یہ کلاز لایا گیا ہے۔ ابھی ایک آنریبل ممبر نے اپنی جانب سے جو امنڈمنٹ پیش کیا ہے اس سے نہ کسی قسم کا گورنمنٹ پر بار ہوگا اور نہ پانچ سال یا پانچ دن پہلے خریدنے کا سوال پیدا ہوگا۔ اور یہ کہ اس میں ان پوزیسشن (In possession) رکھے ہیں تو وہ زمین اس کے ذاتی قبضہ میں رہنا چاہئے ایسے الفاظ رکھنے کی وجہ سے ایک ٹینٹ قابض قدیم کی حیثیت میں آجائیگا جس کی وجہ سے گورنمنٹ ٹریژری پر کافی بار پڑیگا۔ ان اپوزیسشن سے پروٹکٹڈ ٹیننسس اور نان پروٹکٹڈ ٹیننٹس اور قابض قدیم پر کیا اثر پڑیگا اس سے نہ گورنمنٹ کا کوئی نقصان ہونے والا ہے اور نہ انعامداروں کا کوئی نقصان ہونے والا ہے اور نہ پٹہ داروں کا۔ اس لئے اس امنڈمنٹ کو مان لیا جائے تو مفید مقصد نکلسکتا ہے۔

شری کے۔ وی۔ رنگاریڈی :- اسپیکر سر۔ شروع میں یہ کہا گیا کہ ونپرتی کے انعامات کی رقم دوسالہ جو گورنمنٹ کو وصول ہوئی ہے اس کو میں نے ضبط کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ یہ صحیح نہیں ہے۔ سوال یہ کیا گیا تھا کہ انعامات فروخت کرلئے گئے ہیں اور سرکار میں دوسالہ رقم جمع ہوئی ہے تو فروخت غیرقانونی طور پر ہونے کی وجہ سے رقم کی نسبت کیا عمل ہوگا۔ میں نے مشروط طور پر کہا تھا کہ اگر حق انعام فروخت کیا گیا ہے تو وہ ضبط کیا جائیگا۔ میں نے اراضی انعام کا قبضہ فروخت کرنے کے بارے میں جواب نہیں دیا تھا۔ اگر ملکیت انعام کے حق کو فروخت کیا ہے تو قانوناً اس کو ضبط کرنے کے احکام ہیں۔

نفس ترمیم کے متعلق آپ نے دو چیزوں کو جو صاف ہیں پیچیدہ کرکے بیان کیا ۔ ہم نے پریمیم کے دو اجزا کئے ہیں ۔ ٦٠ فیصد حق انعامدار کو دیں گے اور ٤٠ فیصد سرکار لیگی ۔ سرکار یہ ٤٠ فیصد اس لئے لے رہی ہے کہ جو قبضہ غیر رجسٹری شدہ تھا سرکاری کاغذات میں اس کا اندراج نہیں تھا اور اس قبضہ کے لئے ایک انعامدار کا درمیانی واسطہ تھا ہم انعامات کے ابالیشن کی وجہ سے اس واسطہ کو دور کرکے اس کو یعنی قابض قولدار کو راست مالک بنا رہے ہیں اس کے لئے ٤٠ فیصد معاوضہ لیا جارہا ہے ۔ ٦٠ فیصد انعامدار لیگا باوجود اس کے کہ اس نے حق قبضہ دیدیا ہے لیکن وہ مالگزاری حاصل کرتا تھا ۔ انعام کا محاصل معاف ہونے کی وجہ سے وہ خود مستفید ہوتا تھا ۔ اس لئے اس کو ٦٠ فیصد معاوضہ رکھا گیا ہے ۔ اگر کسی قولدار نے پہلے ہی سے انعامدار کو رقم ادا کردی ہے تو اس سے مکرر رقم لینا نا انصافی ہوگی ۔ اس حد تک وہ مجرا کی جائیگی ۔ اس نے جس قدر رقم بھی دی ہے ۔ ٤٠ فیصد ۔ ٥٠ فیصد ۔ ٦٠ فیصد وہ مجرا ہوگی ۔ اگر ٦٠ فیصد سے زیادہ دیا ہے تو اس نے یہ غلطی کی ۔ اس کو اپنی اس غلطی کی سزا بھگتنی چاہیئے ۔ ایسی صورت میں یہ کیسے کہا جا سکتا ہے کہ وہ جتنی بھی رقم دیتا ہے اتنی مجرا ہونی چاہیئے ۔ ایک آنریبل ممبر نے فرمایا کہ حکومت بڑے بڑے انعامداروں سے سازش کرلی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے دفعہ اور ترمیم کے مطلب کو نہ سمجھتے ہوئے ایسے خیال کا اظہار فرمایا ۔ حکومت انعامدار سے کس طرح سازش کریگی ۔ وہ تو انعامدار کا انعام ختم کررہی ہے ۔ کیا اس کا انعام ختم کرکے اس کو حق انعام سے محروم کرنے کے لئے وہ انعامدار سے سازش کریگی ۔ ایسی صورت میں سازش کا وجود کہاں رہتا ہے ۔ ہم سازش نہیں کررہے ہیں ہم تو اس کے حقوق کو ختم کررہے ہیں ۔ البتہ آپ کے ضمیر میں یہ بات ہونا معلوم ہوتا ہے کہ حکومت کے انتظامات کو درہم برہم کیا جائے ۔ آپ یہ نہیں کہتے کہ انعامدار کا معاوضہ ختم کرو بلکہ یہ کہتے ہیں کہ سرکار جو ٤٠ فیصد لے رہی ہے اس کو اڑادو ۔ سرکار جو کچھ لے رہی ہے وہ پبلک اور غریبوں کے فائدہ ہی کے لئے لے رہی ہے ۔ غریب کاشتکاروں کے فائدہ کے لئے ہی درمیانی شخص کو نکال رہی ہے جس کا معاوضہ لیا جارہا ہے ۔ آپ یہ بھی کہتے ہیں کہ قابض نے بیوقوفی کرکے رقم دی ہے ۔ اگر اس نے بیوقوفی کی ہے تو اس بیوقوفی کی سزا اس کو بھگتنے دیجئے ۔ اگر آپ یہ بتلائیں کہ حکومت اس ترمیم کے ذریعہ کوئی ناجائز عمل کررہی ہے تو میں سمجھ سکونگا ۔

یہ کہا گیا کہ انعامدار اور دوامی قولدار سازش کرکے سرکار کو جو پریمیم ملنا ہے اس سے محروم کرینگے ۔ جعلی رسائد بنائینگے ۔ غالباً آپ نے اس کے تمام پہلوؤں پر غور نہیں کیا ۔ آپ کو معلوم ہیکہ جو پرمننٹ یا پروٹکٹیڈ ٹیننٹ کی تعریف میں نہیں آتا ہے اسکو ہم غیر محفوظ قولدار قرار دیتے ہیں ۔ غیر محفوظ قولدار سے مالگزاری کا ٦٠ گونا پریمیم لینے کے لئے احکام مدون کئے ہیں ۔ اگر انعامدار سے غیر محفوظ قولدار سازش کرکے ١٢ سال کے رسائد حاصل کرے تو پہلی صورت میں ٦٠ گونا مالگزاری کے ٤٠ فیصد سے سرکار کو محروم کررہا تھا یہاں یہ شخص

۶۰ گونا مالگزاری کے ۴۰ فیصد سے محروم کریگا - اس کی آپ کسطرح حفاظت کرینگے جبکہ وہ جعلی دستاویز پیش کریں - میں کہونگا کہ آپ کو ایک ایم - ایل - اے کی حیثیت سے یہ ماننا پڑیگا کہ جعلی دستاویز عدالت میں کامیاب نہیں ہوتی - میں مانتا ہوں کہ کبھی جعلی دستاویز پر ڈگری ہو جائے یا قتل کی سزا سے کوئی قاتل چھوٹ جائے - لیکن عدالت ہائے قانون سچے دستاویز کی بناء پر ہی ڈگری صادر کرتے ہیں - پروٹکٹڈ ٹیننٹ پرمیننٹ ٹیننٹ عارضی قولدار تینوں انعامدار کو معاوضہ دیکر قبضہ لے رہے ہیں - اگر معاوضہ نہ دیکر لینا چاہیں تو وہ زیادہ نقصان پہنچانیکی کوشش کرینگے - وہ ۴۰ فیصد کا بھی نقصان کرنا چاہینگے -

شری اے - راج ریڈی (سلطان آباد) :— دونوں فریق میں وجہ تحریک کو دیکھئے - اس کے لحاظ سے اسکا اندازہ ہوگا -

شری کے - وی - رنگا ریڈی :— یہ تو ۱۵ - ۲۰ گونا ادا کرتا ہے - لیکن اسکو تو ۶۰ گونا سے بچنے کے لئے ترغیب کی وجہ ہے - برخلاف اسکے پروٹکٹڈ ٹیننٹ اور مستقل قبضہ دار تو ۱۰ - ۱۵ گونا دیتے ہیں - ہم انکو ۶۰ گونا معاف دے رہے ہیں - ۴۰ فیصد بچائینگے تو تھوڑی رقم رہیگی - برخلاف اسکے غیر محفوظ قولدار بچائیگا تو بہت بچا لیگا - اسکو زیادہ ترغیب ہونی چاہئے - اسلئے قابض قدیم بنجائے تو ایک پیسہ دینے کی ضرورت نہیں ہوتی - اگر غیر محفوظ قولدار رہے تو ۶۰ گونا دینا پڑتا ہے - اسلئے اسکو زیادہ ترغیب ہوتی ہے - اس طرح آپ سوچنے بیٹھینگے تو جعلی دستاویز کے ڈر سے بہت سے مشکلات پیدا ہوتے جائینگے - آپ کو مالگزاری اسسمنٹ (Assessment) کے ریکارڈ پر بھی غور کرنا پڑیگا - پہانی میں بھی اس کے قبضہ کا اندراج رہتا ہے - اس طرح انہیں آنکھ بند کرکے معاوضہ نہیں دینگے - تمام طریقوں سے تحقیقات کی جائیگی - تاریخ کا اعلان ہوگا - تمام اشخاص جو اس سے تعلق رکھتے ہیں رجوع ہونگے - انسے ثبوت لینے کے بعد تصفیہ ہوگا - گورنمنٹ جب کہ چالیس فیصد حصہ لے رہی ہے تو یوں آنکھ بند کرکے یہ عملیات نہیں کریگی - ان حالات میں اسی ایک جگہ پر فرضی یا جعلی دستایزات کے ڈرسے یہ ترمیم لانے سے کوئی فائدہ نہیں ہے - اگر ایسا ہی خوف ہوتو ہر جگہ ترمیمات کرنی پڑیگی -

یہ اعتراض بھی کیا گیا کہ ۱۰ - جون سنہ ۱۹۵۰ع کے بعد کے قولداروں کو محفوظ قولدار نہیں قرار دیا گیا ہے - یہ اعتراض غلط فہمی پر مبنی ہے - میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ یہ ۱۰ - جون سنہ ۱۹۵۰ع سے پہلے اور بعد دونوں کے لئے ہوگا -

شری کے - ایل - نرسمہا راؤ (یلندو - عام) :— پروٹکٹڈ ٹیننٹ کی تعریف میں بتلایا گیا ہے کہ ۱۰ - جون سے پہلے کے لوگ اس میں آئینگے -

شری کے - وی - رنگاریڈی :— بالکل صحیح ہے - وہ غیر محفوظ قولدار تو بنجاتے ہیں - اسپر بھی تو منہائی ملتی ہے - یہ منہائی محفوظ قولدار غیر محفوظ قولدار پرمیننٹ ٹیننٹ سب کو دینے کے لئے ترمیم لائی گئی ہے تو ۱۰ - جون سنہ ۱۹۵۰ع کا سوال

ھی کہاں باقی رھتا ھے ۔ میں سمجھتا ھوں واقعات کو صحیح طور پر نہ سمجھتے ھوئے ترمیم لائی گئی ھے ۔ اس وقت تک جو کچھ معاوضہ حق مقابضت کے بارے میں ھے وہ بہ لحاظ نرخ بازار ھمارے مقرر کردہ پریمیم سے کئی گونا زیادہ ھے ۔ مرھٹواری میں فی ایکر ہزار آٹھ سو تلنگانہ میں فی ایکر ۵۰ سے زیادہ پریمیم کی رقم خواہ محفوظ قولدار کی ھو یا غیر محفوظ قولدار کی ھر حالت میں اس سے کم ھے ۔ ھمنے ۶۰ فیصد مجرا دینے کا تصفیہ کیا ھے ۔ میں مانتا ھوں کہ ھر جگہ قولداروں نے انعامداروں کو ۶۰ فیصد سے زیادہ ھی دیا ھوگا لیکن جیسا کہ میں نے پہلے بھی کہا اگر انہوں نے نادانستہ طور پر ضرورت سے زیادہ رقم دی ھے تو انہوں نے غلطی کی ھے ۔ اس غلطی کو ھم کیا کرینگے ۔ انعامدار لیا ھے تو کیا ایسی صورت میں اسکو جیل بھجوادینگے ۔ یہ تو نہیں ھوسکتا ۔ سرکار اپنے حق سے تو دستبردار نہیں ھوسکتی ۔ آپ کی ترمیم قبول کرنے کا ایک عجیب نتیجہ یہ نکلیگا کہ اگر انعامدار کو قولدار نے کچھ معاوضہ بھی دیا ھو تو اس سے کچھ نہ لیا جائے ۔ یعنی اگر وہ کسی طرح سے فی ایکر ایک روپیہ بھی نذرانہ یا کسی اور شکل میں انعامدار کو دیدیا ھو تو بس اب اس قولدار سے کچھ پریمیم نہیں لینا چاھئے کسی طرح صحیح نہ ھوگا ۔

شری کے ۔ ایل ۔ نرسمہاراؤ :- اگر پرائس (Price) ادا کردیا ھے تو ایسی صورت میں کچھ نہیں لینا چاھئے ۔

شری کے ۔ وی ۔ رنگاریڈی :- نہیں ۔ نہیں ۔ آپ کے الفاظ یہ ھیں کہ قولدار کچھ بھی ادا کیا ھو تو انعامدار کو کچھ نہیں دینا چاھئے قولدار سے کچھ نہ لینا چاھئیے ۔ قیمت کا تعین کون کریگا ۔ اللہ میاں کریں گے یا آپ کریں گے یا میں کروں گا ۔ معاوضہ کیا دینا چاھئے معاوضہ ایک روپیہ بھی ھوسکتا ھے دو روپے بھی ھوسکتے ھیں ۔ ایک ایکر کی قیمت ایک ہزار روپیہ بھی ھوسکتی ھے ۔ اور باغات کی زمین ھوتو ایک ایکر کے پانچ چھ ہزار بھی ھوسکتی ھے ۔ اس لئے ھم نے یہ رکھا ھے کہ جو کچھ ادا کیا ھے وہ مجرا دینا چاھئے اور اگر ۶۰ گونا کی حد تک دیا ھے تو انعامدار کو دینے کی پوری رقم قولدار کو دینا چاھئے ۔ اس سے بڑھکر آپ کہیں گے تو مشکل ھے ۔ جرم کا ارتکاب ایک شخص کیا ھے اور آپ کہتے ھیں کہ سزا دوسرے کو دو تو یہ نہیں ھوسکتا ۔ حکومت کی کوئی غلطی نہیں ھے ۔

ونپرتی اور گدوال کے سمستان آپ کے سامنے گھڑی گھڑی چمکتے رھتے ھیں لیکن اسٹڈی (Study) کریں گے تو معلوم ھوگا کہ کوئی نقصان ھونے والا نہیں ھے ۔ سمستان گدوال کی جتنی زمینات ھیں وہ جاگیر کا جزو ھونیکا ادعا ھے یہ مجھے معلوم ھے اگر وہ جاگیر کا جزو قرار پائیں تو ایک کوڑی بھی معاوضہ دینا نہیں پڑیگا ۔ قانون ابالیشن آف جاگیرس (Abolition of Jagirs) کے تحت بلا معاوضہ اراضی کا پٹہ دینا ھوگا ۔

شری ایل ۔ این ۔ ریڈی :- ان اراضیات کے متعلق معلوم ھوا ھے کہ یہ انعامی ھیں اس کی علحدہ تحقیقات جاری ھے ۔

شری کے - وی - رنگا ریڈی :— اس مقدمہ کی جزواً تحقیقات میں نے بھی کی ہے۔ رعایا کا ادعا یہ ہے کہ یہ اراضیات جاگیر کا جزو ہیں - والی سمستان کا کہنا ہے کہ یہ جاگیر کا جزو نہیں ہیں بلکہ انعامی اراضیات ہیں - اگر ۴۰ - ۵۰ ہزار ایکر زمین ہے تو بڑے بڑے سمستان ہونے کا مسئلہ نہیں ہے - وہ ایک جاگیر کا جزو قرار پائے تو بلا لحاظ معاوضہ پٹہ ہونا چاہئے - میں نے یہ حکم دیا ہے کہ وہ اراضیات تاتصفیہ زیرنگرانی سرکار رہیں - والی سمستان قابض اراضیات کو بیدخل نہیں کرسکیں گے - جو قولدار قابض ہیں وہی قابض رہیں گے اور زر مالگزاری قابضین سے وصول کرکے خزانہ تحصیل میں جمع کی جائے گی - یہ میں نے حکم دیدیا ہے -

شری ایل - این - ریڈی :— لیکن وہاں کا زر مالگزاری گدوال کے راجہ صاحب وصول کررہے ہیں -

شری کے - وی - رنگا ریڈی :— اب تمام قابضین سے زر مالگزاری سرکار وصول کر رہی ہے جو خزانہ تحصیل میں جمع کی جائے گی - میں نے ایسا حکم دیدیا ہے - اگر اس کی تعمیل نہ ہوگی تو کلکٹر اس کے ذمہ دار ہوں گے اون سے باز پرس کی جائیگی -

شری ایم - رام ریڈی :— والی سمستان کے مقابلہ میں متعدد دعاوی دلا پانے زر لگان کی بابتہ پیش ہو رہے ہیں اور آپ فرما رہے ہیں کہ والی سمستان وصول نہیں کررہے ہیں -

شری کے - وی - رنگا ریڈی :— وہ وصول نہیں کررہے ہیں - میں نے حکم دیدیا ہے - اگر اس کے خلاف عمل ہو رہا ہے تو آپ بتائیے میں فوراً اس کا بندوبست کرونگا - میں نے یہ حکم دیا ہے کہ قابضین سے رقم وصول کرکے خزانہ تحصیل میں جمع کی جائے -

اب رہا آتما کور کے متعلق جو کچھ کہا گیا ہے اوس کے متعلق میں خود بحیثیت صدر کانگریس اوس کارروائی کو دیکھ چکا ہوں - انعامات دینے کے پہلے سے وہ بہ ادائی زر مالگزاری قابض ہیں - ایسی صورت میں ان کو ایک کوڑی بھی دینے کی ضرورت نہیں ہوگی -

کولہا پور کے متعلق کہنا یہ ہے کہ اگر وہ اراضیات جاگیر کا جزو ہیں تو ایک کوڑی بھی معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں ہوگی -

ہرمرتبہ کہا جاتا ہے کہ ان کو ۲۰ لاکھ دینا پڑیگا ان کو ۴۰ لاکھ دینا پڑیگا اور دوسری طرف کہا جاتا ہے کہ معاوضہ ادا کرکے سب لوگ زمینات لے رہے ہیں - لیکن اس میں پریشانی کی کونسی بات ہے - اگر ایسا کئے ہیں تو اس ترمیم کے بعد ان کو ایک کوڑی بھی معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں ہوگی - آپ کا مدعا پورا ہو جائیگا - غریب قولدار معاوضہ کی ادائی سے بچ جائیں گے - والی سمستان کو کوئی معاوضہ دینے کا مسئلہ ہی باقی نہیں

رهیگا ۔ کہا گیا کہ ہم نے والیان سمستان سے سازش کرلی ہے ۔ اس قسم کی باتیں صحیح نہیں ہیں ۔ ہم تو اون کی گردن کاٹ رہے ہیں اس کے باوجود جو شبہ کیا جا رہا ہے وہ صحیح نہیں ہے ۔ انعامداروں کے تعلق سے بھی میں کہونگا کہ انعامداروں کو کچھ نہیں مل رہا ہے اون کو بھی جس قدر ہم محروم کرسکتے تھے کر چکے ہیں ۔ اس لئے میں آنریبل ممبرس سے خواہش کرونگا کہ وہ اس ترمیم کو قبول کرلیں کیونکہ یہ خود آپ کی مانگ کے مطابق لائی گئی ہے ۔ اوس طرف کے ممبروں کی بھی مانگ تھی اور اس طرف کے ممبروں کی بھی مانگ تھی ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ یہ میری بھی مانگ ہوگئی ۔ اس لئے میں کہونگا کہ یہ ایک فائدہ مند ترمیم ہے اس کو قبول کیا جائے ۔

* شری ایل ۔ این ۔ ریڈی :— ممبر انچارج آف دی بل کی جانب سے یہ خیال ظاہر کیا جا رہا ہے کہ گورنمنٹ کو ۴۰ فیصد جو معاوضہ مل رہا ہے اوس کے ہم خلاف ہیں ۔ در اصل ایسا نہیں ہے ۔ یہاں سوال یہ پیدا ہو رہا ہے کہ سابقہ انعامدار اور موجودہ قولدار کے مابین جو قیمت کا تعین ہو چکا ہے اوس کو یہاں ریوائز (Revise) کیا جا رہا ہے جس کی ضرورت نہیں ہے ۔ اوس وقت از روئے قانون کوئی قیمت مقرر نہ تھی اس لئے بازاری قیمت کے لحاظ سے قیمتیں مقرر کرکے عمل کیا گیا ۔ آج اس تعین قیمت کے مسئلہ کو تازہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ قیمت کے مسئلہ کو تازہ کرکے علحدہ ملٹی پل (Multiple) مقرر کر رہے ہیں جس کی وجہ سے اون کے مابین طے کردہ قیمتوں میں رد و بدل ہوگا ۔ بعض جگہ زیادہ دینا پڑیگا اور اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ آپ قولدار سے کچھ رقم زیادہ طلب کریں گے یعنی اون کے مابین جو معاہدہ ہوا ہے اوس سے زیادہ اور جو رقم اس طرح وصول ہوگی وہ پوری کی پوری انعامدار کو نہیں جائے گی اس لئے انعامدار اور قولدار کے درمیان سازش کا کم امکان ہے ۔ ہم نے ۵۰ فیصد کا امنڈمنٹ لایا تھا لیکن کم سے کم ۴۰ فیصد کا جو امنڈمنٹ تھا اس کو قبول کر لیا گیا ہے ۔ ہم گورنمنٹ کے معاوضہ لینے کے خلاف نہیں ہیں لیکن سابقہ طے شدہ قیمتوں کو ریوائز (Revise) کرنے سے کیا نتائج برآمد ہوں گے اس پر غور کرنا چاہئے ۔

ایک شخص پروٹکٹیڈ ٹیننٹ ہے اگر وہ ۱۰ ۔ جون کی بجائے ۱۵ ۔ جون کو زمین خریدا ہو تو اس کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا ۔ اگر اوس نے (۱۰) ٹائمس آف دی لینڈ ریوینیو (Ten times of the land Revenue) دیکر خریدا ہے تو آپ (۴۰) ٹائمس اوس سے لینگے ۔ اس طرح (۳۰) ٹائمس کا جو اضافہ ہوگا اس کے متعلق میں کہہ رہا ہوں کہ قیمتیں جو طے کرلی گئی ہیں اون میں اضافہ ہو رہا ہے ۔ یہ رقم انعامداروں کو ایصال ہوگی ۔ اس لئے کاشتکاروں کے حق میں سختی کا موجب ہوگا کیونکہ انعامداروں نے سب معاہدہ پیسہ حاصل کرلیا ہے ۔ اس لئے وہ بہتر یہ سمجھیں گے کہ پہلے جو معاہدہ کرلیا ہے اس کے مطابق عمل کرنا چاہئے ۔ اوس وقت آپ اس عمل کو روک سکیں گے ۔ قابض قدیم قرار دینگے تو خزانہ سے دینا پڑیگا ۔ گورنمنٹ

کی طرف سے جو ترمیم آ رہی ہے اوس کو روکنے کے لئے ہم نہیں کہہ رہے ہیں - سوال یہ ہے کہ ممبر انچارج آف دی بل کا یہ آرگیومنٹ کہ ۶۰ ٹائمس آف دی لینڈ ریوینیو دینا پڑیگا اس کے بارے میں وہ سازش کر سکتے ہیں ہر کامن سنس (Common sense) رکھنے والا کہیگا کہ ہم پہلے ہی ادا کرچکے ہیں اس لئے اوس سے بچنے کے جو اشکال ہوسکتے ہیں ان پر غور کرنا چاہئے - کیونکہ وہ حسب معاہدہ پیسے ادا کرنے کے بعد سے اپنے آپ کو مالک سمجھ رہا ہے اس لئے ایسے لوگ سازش کا شکار ہونگے جس کا بار گورنمنٹ پر پڑیگا - آپ اس پر غور فرمائیں - پہانی پترک کا حوالہ دیا جارہا ہے لیکن میں کہونگا کہ پہانی پترک دیکھیں گے تو معلوم ہوگا کہ لینڈ ریوینیو قابض قدیم کے لئے دینا لازم نہیں ہے اور اوس کو رسائد لینے کی ضرورت نہیں ہے - لیکن میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ پہانی پترک کے عملیات کب درست ہیں - باوجود حکومت کی ہدایات کے پہانی پترک کے اندراجات صحیح طور پر نہیں ہو رہے ہیں - ہزاروں ٹیننٹس ایسے ہیں جو بیس پچیس سال سے کاشت کررہے ہیں لیکن ایک سال کے عملیات میں بھی ان کا نام درج نہیں ہے - پہانی پترک کے خانہ جات خالی اور معرا رہتے ہیں - جہاں کاشتکار کا نام درج کیا جانا چاہئے نہیں کیا جاتا ہے - اس واسطے اس قسم کے لوپ ہولس (Loop-holes) کو دور کرنے اور اون کا سدباب کرنے کے لئے میں نے یہ ترمیم پیش کی تھی - اس کا مطلب یہ نہیں کہ دوسرے لوگوں سے جو پریمیم لینا چاہئے وہ نہ لیں - دوسری چیز یہ ہے کہ گدوال اسٹیٹ میں تین سال کا زر لگان وصول کرلینے کے لئے تحصیل کے ذریعہ نوٹس جاری کی گئی ہے - میں نے آنریبل منسٹر کو ریپریزنٹ (Represent) کیا تھا - اوس وقت شری بی - رام کرشنا راؤ نے جو اوس وقت ریوینیو منسٹر اور آج چیف منسٹر ہیں مجھ سے کہا تھا کہ چونکہ تحقیقات انعامی جاری ہے اس لئے زر قول وصول کرنے کی حد تک اسپیشل آرڈرس (Special orders) دئے گئے ہیں - اوس وقت میں نے اون سے کہا تھا کہ چونکہ تحقیقات انعامی جاری ہے اس لئے اون کو زر قول وصول کرنے کا حق دینا نا مناسب ہے - اگر زر قول وصول کرنا ہی ہے تو سرکار وصول کرسکتی ہے - ممکن ہے منسٹر صاحب نے اس بارے میں آرڈرس جاری کئے یا نہیں مجھے اس کا علم نہیں ہے - اگر اون کا مطالبہ برابر وہاں جاری ہے - انعام کی تعریف اگر آپ دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ ولیج ریکارڈ میں جن کا نام داخل ہے اون کو انعامی اراضی تسلیم کریں گے - سررشتہ انعام چاہے اس کو قبول کرے یا نہ کرے - لیکن انعام ابالیشن بل میں جو تعریف ہے وہ یہی ہے کہ جن کا نام دیہاتی ریکارڈ میں داخل ہے وہ بھی انعام متصور ہوگا - میں نے گدوال اسٹیٹ کے متعلق معلوم کیا ہے کہ وہ اور دیگر والیان اسٹیٹ اپنی سیری اراضیات کا ریکارڈ پہلے سے ہی منیٹین (Maintain) کرتے آرہے ہیں - ان اراضیات کے متعلق ساٹھ ستر سال سے ریکارڈ مینٹین کیا جا رہا ہے - اون ہی ریکارڈس کی بنا پر سررشتہ عطیات منتخب بنا رہا ہے - والی ونپرتی کے نام منتخب جاری کرتے وقت اس کی پیشرفت میں عجیب و غریب دلائل پیش کئے گئے ہیں کہ جب پاپنا پیٹھ پرگوپال پیٹھ جیسے چھوٹے چھوٹے سمستانوں کے انعامات منظور کئے جاسکتے ہیں تو

اتنے بڑے جاگیردار اور وہ بھی وفادار جاگیردار کے لئے انعام نا منظور کرنا مناسب نہیں ہے۔ اس واسطے انعام منظور ۔ اس قسم کی تجاویز ہونا معلوم ہوا ہے ۔

مسٹر اسپیکر :۔ آپ اصل رپلائی (Reply) سے ھٹتے جارہے ھیں ۔

شری ایل ۔ این ۔ ریڈی :۔ میرا منشاء صرف یہ ہے کہ یہ جو کہا جا رہا ہے کہ گدوال کو جزو جاگیر بنا کر رعایا کے حقوق اداء کرنے والے نہیں میں اس استدلال سے متفق نہیں ھوں ۔ خیر گدوال کی حد تک آپ ایسا کرینگے ۔ ونپرتی کا کیا حال ھے ۔ آپ نے کل ھی فرمایا تھا کہ (۴۳) ھزار سے زیادہ منافع کی اونکی اراضیات ھیں ۔ کیوں اتنی کثیر اراضیات بطور انعام کے عطا کی گئیں ۔ جاگیر ھونے کے باوجود اون کو علحدہ اراضی بطور انعام عطاء کی گئی ۔ والی کولہاپور سمستان کا بھی یہی حال ھے ۔ علحدہ اسٹیٹ ھونے کے باوجود انعام کا منتخب اون کے نام جاری کیا گیا ۔ اسی طرح دیگر والیان سمستان کا بھی حال ھے ۔ اور گدوال کی حد تک بھی مجھے یقین ھے کہ یہی ھوگا ۔ لیکن میں کہونگا کہ حکومت وھاں یہی طریقہ اختیار نہیں کرسکتی ۔ کیونکہ پھر دوسروں کے منتخب منسوخ کرنا پڑیگا ۔ کیونکہ وہ لوگ بڑے بڑے جاگیرات رکھتے ھوئے انعامات حاصل کئے ھیں ۔ اس لئے میں عرض کرونگا کہ یہ مسئلہ جسکو آج ھم کو فیس (Face) کرنا پڑرھا ھے بہت ھی اھم ھے ۔ یہ ھزاروں لوگوں کی روزی کا مسئلہ ھے ۔ اس لحاظ سے ھم کو سوچنا پڑیگا ۔ میں مانتا ھوں کہ ونپرتی میں بہت سے لوگ عرصہ دراز سے کاشت کر رھے ھیں وہ قابض قدیم ھیں اون سے معاوضہ نہیں لیا جائیگا لیکن گورنمنٹ کو تو معاوضہ اداء کرنا ھوگا ۔ انعامداروں نے سابق میں اپنے اختیارات سے بڑھ کر بعض کو دس گونا بعض کو پندرہ گونا قیمت پر اراضی فروخت کی ھے کیوں اون کے حقوق انعامی ضبط نہیں کرلئے جاتے ۔ اگر ضبط کرلئے جائیں تو معاوضہ دینے کا سوال رد کیا جاسکتا ھے اور اسکی وجہ سے نہ تو گورنمنٹ پر بار پڑیگا اور نہ رعایا سے وصول کرنے کی نوبت آئیگی ۔ انعام کے معاوضہ کے سلسلہ میں جو دوسری صورتوں میں دیا جانے والا ھے بہت سی ترمیمات ھم نے پیش کی تھیں لیکن آپ نے اونکو نہیں مانا ۔ یہاں انعام کا جو معاوضہ دے رھے ھیں اگر (۶۰) فیصد اداء کیاجاتا ھے تو مجرا کرینگے لیکن (۶۰) فیصد سے زائد اداء کیا ھے تو غور نہیں کرینگے ۔ انعامدار کو اراضی فروخت کرنے کے سلسلہ میں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر اسپیکر :۔ ممبر انچارج آف دی بل نے ان چیزوں کا جواب اس سے پہلے دیے دیا ھے ۔

شری ایل ۔ این ۔ ریڈی :۔ دوسرے طریقہ سے جواب دیا گیا ھے ۔

مسٹر اسپیکر :۔ کسی طرح سے بھی ھو ۔ جواب دیا گیا ھے ۔

شری ایل ۔ این ۔ ریڈی :۔ اس لئے میں ممبر انچارج آف دی بل سے خواھش کرتا ھوں کہ وہ اس پر زیادہ غور کریں ۔ ھمارا منشاء ترمیم پیش کرنے کا یہ تھا کہ

جنہوں نے خرید و فروخت کی بناء پر قیمت اداء کردی ہے ویسے لوگوں کا معاملہ تازہ نہ کریں ۔ انہوں نے زائد قیمتیں اداء کی ہیں اس لئے اون سے مزید وصول نہ کیا جائے ۔ کیونکہ اس سے پیچیدگیاں پیدا ہونگی ۔ ایک طرف تو وہ لوگ آپس میں سازش کرینگے اور دوسری طرف گورنمنٹ کو اپنے خزانہ سے قابض قدیم کے نام پر معاوضہ دینا پڑیگا ۔ ایک طرف پریمیم آپ کو نہیں ملیگا اور دوسری طرف خزانہ پر بار پڑیگا ۔ اس لئے میں خواهش کرتا ہوں کہ ہاؤز میری ترمیم پر غور کرے اور اوسکو منظور کرلے ۔

Mr. Speaker : I shall put the amendment to amendment to vote. The question is :

"That for the portion beginning from 'for obtaining the right of possession' and ending with 'sub-section (2) of section 12' substitute :

'as a price towards the Inâm land in his possession, such tenant shall be entitled to be registered as an occupant of the said land without being liable to pay any further a amount for the said land and no such Inamdar shall be entitled to any further compensation for the said land.,"

The motion was negatived.

شری ایل ۔ این ۔ ریڈی :— مسٹر اسپیکر سر ۔ بل میں دفعہ (۱۳) پہلے سے موجود ہے اور وہ پاس ہوچکا ہے اس لئے اس دفعہ کو (۱۲ - ایے) رکھا جائے تو بہتر ہوگا ۔

Mr. Speaker : The office will give the Serial No. I shall now put the amendment of Shri K.V. Ranga Reddy to vote. The question is :

"That after clause 12, add the following new clause 13:-

'13. Notwithstanding anything contained in this Act, or any other law for the time being in force, if any permanent tenant, protected tenant or non-protected tenant has, prior to the date of vesting, paid any consideration to the Inamdar for obtaining the right of possession and said amount is equal to 60% or more of the premium chargeable under Sections 6, 7 and 8, he would be entitled to the deduction only to the extent of 60% and if the said amount is less than 60% of the premium he would be entitled to deducation to the extent of the amount actually paid by him. The amount so deducted from the premium shall be adjusted towards the compensation payable to the Inamdar under sub-section (*ii*) of section 12'."

The motion was adopted.

New Clause 13 was added to the Bill.

Mr. Speaker : The question is :

"That clause 1 *i.e.*, Short title, Extent, Commencement and Preamble as amended stand part of the Bill".

The motion was adopted.

Short title, Extent, Commencement and Preamble as amended were added to the Bill.

Shri K.V. Ranga Reddy : I beg to move :

"That L. A. Bill No. XVIII of 1954, the Hyderabad Abolition of Inams Bill. 1954 as amended, be read a third time and passed."

The motion was adopted.

Mr. Speaker : The first and second readings of the Hyderabad Prisoners Bill, 1954 were completed. Let us take up clause-by-clause reading of.

L. A. Bill No. XX of 1954, the Hyderabad Prisoner's Bill, 1954.

Clause 2

Mr. Speaker : There are no amendments to clause 2. The question is :

"That clause 2 stand part of the Bill".

The motion was adopted.

Clause 2 was added to the Bill.

Clause 3

Shri Ananth Reddy (Balkonda) : I beg to move :

"That in line 3, for 'otherwise' substitute 'any other enactment in force'."

Mr. Speaker : Amendment moved.

شری کے- انت ریڈی :— مسٹر اسپیکر سر- یہ ایک معمولی ترمیم ہے- اصل کلاز میں یہ الفاظ ہیں-

"........Under this Act or otherwise".

میں یہ چاہتا ہوں کہ " ادروائز " (Otherwise) کی بجائے یہ الفاظ رکھے جائیں-

'Any other enactment in force,.

کیونکہ '' ادروائز '' کے الفاظ اتنے ویگ (Vague) ھیں کہ وہ اس کلاز میں اچھی طرح بیٹھ نہیں سکتے - میں نے اس کو ڈلیٹ (Delete) کرکے اس کی بجائے یہ رکھا ھے کہ یا اور کوئی قانون کی روسے آفیسر انچارج پرزنس کی کسٹوڈی میں جائے - '' انڈر دس ایکٹ آر ادروائز '' (Under this Act, or otherwise) کے الفاظ یہ ٹھیک نہیں ھیں -

डिप्टि होम मिनिस्टर (श्री. श्रीनिवास राव अेखेलीकर) :—स्पीकर सर, यहां जो 'अदरवाअिज' (Otherwise) लफ्ज रखा गया है वह सोंच समझकर ही रखा गया है । 'अेनी अदर अिनेक्टमेंट' (Any other enactment) केअल्फाज रखें जायें तो अुससे अेक लिमिट हो जाती है। बाज वक्त अैसा होता है कि अिनेक्टमेंट करने का मौका ही नहीं रहता। असेंब्ली जब चालू नहीं रहती अुस वक्त आर्डिनन्स नाफिज होता है। अुस वक्त आर्डिनन्स को अिनेक्टमेंट कहना या नहीं यह अेक कान्ट्रोवर्शियल (Controversial) सवाल है। अिस कान्ट्रोवर्सी को दूर करने के लिये 'अदरवाअिज' लफ्ज अिस्तेमाल किया गया है। अिसका लिहाज रखते हुअे 'अेनी अदर अिनेक्टमेंट' के अल्फाज रखकर अुसके स्कोप (Scope) को लिमिट करेंगे तो बहुत दिक्कत होगी। Any other enactment ये अल्फाज काम्प्रीहेन्सिव (Comprehensive) नहीं हैं। जो लफ्ज यहां रखा गया है वह सोंच समझकर सही तौर पर ही रखा गया है। अिसलिये में समझता हूं कि आनरेबल मेंबर अपनी अमेंडमेंट वापिस ले लेंगे।

Mr. Speaker: The question is:

"That in line 3, for 'otherwise', substitute 'any other enactment in force'."

The motion was negatived.

Mr. Speaker: The question is:

"That clause 3 stand part of the Bill".

The motion was adopted.

Clause 3 was added to the Bill.

Clauses 4 to 9

Mr. Speaker: There are no amendments to Clauses 4 to 9. I shall put them to vote. The question is:

"That clauses 4 to 9 stand part of the Bill".

The motion was adopted.

Clauses 4 to 9 were added to the Bill.

Clause 10

Shri K. Ananth Reddy : I beg to move :

"(*a*) Omit lines 6 to 9.

(*b*) That after line 13 :

add " Provided that such removal is for any of the purposes mentioned below :

(*a*) for the medical treatment of the prisoner ;

(*b*) for the training of the prisoner in any of the Jail Industries."

Mr. Speaker : Amendment moved.

There is another amendment in the supplementary list.

Shri Srinivas Rao Ekheliker : The copy of the amendment has not been supplied to us.

Mr. Speaker : It has been supplied to all Members.

Shri Srinivas Rao Ekheliker : At least, it has not been supplied to me.

(A copy was handed over to Shri Ekheliker).

Shri K. Venkatrama Rao : I beg to move :

" That after the clause, add the following proviso :

" Provided that no provision for the removal of any prisoner shall be made to a prison situated in a linguistic area other than to which the prisoner belongs."

Mr. Speaker : Amendment moved :

شری کے ۔ انت ریڈی :- کلاز ۱۰ قیدیوں کو ہراس (Harass) کرنے
اور ان پر نت نئے الزامات لگا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجنے اور انکی شرارت جن

معنوں میں کہ حکومت سمجھتی ہے اس شرارت کو کم کرنے کے لئے رکھا گیا ہے ۔ یہ ان لوگوں کا آئے دن کا تجربہ ہے جو جیلوں میں کچھ دن گزارے ہیں کہ معمولی معمولی بات پر ایک جیل سے دوسری جیل میں انہیں منتقل کیا جاتا ہے ۔ یہ کہا جاتا ہے کہ انہوں نے دوسرے قیدیوں کو بغاوت کرنے پر اکسایا ہے ۔ مجھے اکثر جگہوں سے یہ اطلاعیں بھی ملی ہیں کہ بعض ڈیٹینیوز (Detenues) کو یہ کہکر کہ وہ دوسرے قیدیوں کو پولیٹیکل ٹریننگ دیتے ہیں ۔ یہ ڈینجرس (Dangerous) ہیں اور انکی وجہ سے امن میں خلل ہوگا اس اندیشہ سے بھی انکو وہاں سے ٹرانسفر (Transfer) کیا جاتا ہے (Under sentence of death or transportation for life) انکو چھوڑ کر دو چیزیں ہیں ۔ ایک تو (In default of payment of fine) اگر وہ فائن ادا نہ کریں تو لازمی طور پر قید کی سزا بھگتیں گے ایسے شخص کو منتقل کرتے ہیں تو وہ بہت ڈینجرس ہوتا ہے ۔ اسی طرح (In default of giving security for keeping the peace) یہ بھی ان پر لاگو کیا جا رہا ہے ۔ ان آخری دو اجزاء سے مجھے اختلاف ہے اور جیسا کہ میں نے پہلے کہا ان مقاصد کے لئے قیدیوں کو منتقل کرنے کی کوشش کی جائیگی اور انکو ہراس (Harass) کیا جائیگا ۔ ایک جیل سے دوسری جیل میں منتقل کرنے کے لئے کوئی سبب ہونا چاہئے ۔ آپ نے بل میں کہا ہے کہ گورنمنٹ کو منتقل کرنے کا اختیار ہے لیکن وہ کونسی وجوہات کی بناء پر منتقل کئے جائینگے اون وجوہات کا اس میں ہونا ضروری ہے اسلئے میں نے اپنے امنڈمنٹ کے ذریعہ کہا ہے کہ ان دو صورتوں کے سوا بقایا صورتوں میں منتقلی نہ ہونی چاہئے ۔ ایک صورت تو یہ ہے کہ وہ بیمار ہے اور اگر دوسری جیل میں طبی سہولتیں حاصل ہوسکتی ہیں تو اسکو وہاں منتقل کرنا چاہئے ۔ دوسری صورت یہ ہے کہ اگر ایک جیل میں وہ زیادہ سزا بھگت رہا ہے ۔ وہاں اسکو بیکار پڑے رہنے کے سوا انڈسٹری سیکھنے کے مواقع نہیں ہیں تو ایک اچھا شہری بنانے کے لئے اسکو کسی اور جیل میں منتقل کیا جاسکتا ہے تاکہ وہ کوئی نہ کوئی صنعت سیکھ لے ۔ اسلئے میں نے یہ سب کلازس ترمیم اے اور بی کے قیدیوں کو طبی امداد حاصل ہونے یا جیل انڈسٹریز سے کسی انڈسٹری کی ترایت دینے کے لئے پیش کی ہے امید ہے کہ آنریبل منسٹر اسکو قبول کرینگے ۔

شری کے ۔ وینکٹ رام راؤ (چنا کنڈور) :— اس سے قبل ایک امنڈمنٹ پیش کیا گیا ہے اس میں بعض قیود یہ عائد کئے گئے ہیں کہ جہاں کہیں ایک محبس سے دوسرے محبس میں منتقل کرنے کا سوال آتا ہے تو وہ باوجہ ہو بلا وجہ نہ ہو ۔ بصورت دیگر قیدیوں کو منتقل نہ کیا جائے ۔ اس ترمیم کی تائید کرتے ہوئے میں اپنی ترمیم کے ذریعہ سے ایک مزید قید یہ عائد کرنا چاہتا ہونکہ اسکو ایسی جگہ نہ منتقل کیا جائے جہاں اسکی مادری زبان نہ بولی جاتی ہو ۔ آئے دن یہ تجربہ رہا ہے کہ تلنگانہ میں رہنے والے اشخاص کو اورنگ آباد ۔ جالنہ اور گلبرگہ منتقل کیا جاتا ہے اور ایسے اشخاص جو اورنگ آباد یا گلبرگہ کے رہنے والے ہیں انہیں حیدرآباد یا ورنگل میں منتقل کیا

جاتا ہے - یہ نہونا چاہئے - منتقلی کے معاملہ میں محبس کے عہدہداروں کو اختیار ہوتا ہے - چاہے وہ سیاسی قیدی ہو یا غیر سیاسی قیدی جیل کے قانون کے مطابق جو بھی سہولتیں ملنی چاہئیں وہ انکا مطالبہ کرتے ہیں یا ان پر بجا طور پر عمل کرنے کے لئے مطالبہ کرتے ہیں تو لازمی طور پر جیل کے ہرعہدہ داروں کی لینگویج میں انکی ڈکشنری کے لحاظ سے وہ شریر کی تعریف میں داخل ہو جاتے ہیں اور وہ اس شریر کو انتقامی جذبہ کے تحت منتقل کرنا چاہتے ہیں - اس وجہ سے میں یہ شرط عائد کرنا چاہتا ہونکہ مرہٹواڑہ کے اشخاص کو تلنگانہ میں اور تلنگانہ کے اشخاص کو مرہٹواڑہ میں منتقل نہ کیا جائے بلکہ وہ جس علاقے کا قیدی ہے اسکو وہیں رکھا جائے کیونکہ جب کسی قیدی کو محبوس رکھتے ہیں تو جو جذبہ کار فرما ہونا چاہئے وہ صرف یہ ہو کہ اس قیدی کی حالت کو سدھاریں - اسکے علاوہ اسکو اپنے سکونتی مقام سے دور بھیجنے کی وجہ سے ملاقات کی جو سہولتیں حاصل ہوتی ہیں اور وہ اپنے ڈفنس (Defence) وغیرہ کے لئے جو سہولتیں حاصل کرسکتا ہے اون سے محروم ہو جاتا ہے - اسلئے میں نے اپنی ترمیم کے ذریعہ سے یہ سجھاؤ رکھا ہے کہ کسی شخص کو اوسکے ریجن (Region) سے باہر نہ بھیجا جائے - یہ ایک معمولی سی ترمیم ہے میں امید کرتا ہونکہ ممبر انچارج آف دی بل اسکو قبول کرینگے -

